HESCO

حیسکو پریس رلیز مورخہ 29 ستمبر 2020

حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد یعقوب کی ہدایات پر 98 ارب 20 کروڑ 76 لاکھ کے واجبات کی وصولی کیلئے اسپیشل ریکوری ٹیموں کی کارروائیاں جاری ہیں۔

حیدرآباد، نوابشاہ، سانگھڑ، میرپورخاص، بدین، ٹھٹھہ، ٹنڈو محمد خان، ٹنڈو الیہار، و دیگر علاقوں میں کارروائیوں کے دوران واجبات کی عدم ادائیگی پر 220 بجلی کے کنکشن منقطع، 100 سے زائد غیر قانونی کنڈہ کنکشن ہٹائے گئے اور بجلی چوروں کے خلاف FIR درج کرانے کے لیئے متعلقہ تھانوں میں لیٹر جمع کرادیئے گئے ہیں۔ جو صارفین سے واجبات کی وصولی اور درست بلنگ چیک کر رہی ہیں، واجبات کی ادائیگی کیئے بغیر بجلی کے کنکشن نہیں چلنے دیں گے۔ حیسکو انتظامیہ

حیدرآباد ( ) چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو محمد یعقوب کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن میں نادہندگان سے بجلی کے بلوں کے واجبات کی 100% فیصد وصولی اور صارفین کو موصول درست ریڈنگ کے ساتھ بلنگ چیک کرنے کیلئے حیسکو کی اسپیشل ریکوری ٹیمیں کارروائیاں کر رہی ہیں اور نادہندگان کے بجلی کے کنکشن بلاتفریق منقطع کیئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں حیدرآباد، نوابشاہ، سانگھڑ، میرپورخاص، بدین، ٹھٹھہ، ٹنڈو محمد خان، ٹنڈو الیہار، و دیگر علاقوں میں کارروائیوں کے دوران واجبات کی عدم ادائیگی پر 420 بجلی کے کنکشن منقطع، 100 سے زائد غیر قانونی کنڈہ کنکشن ہٹائے گئے اور بجلی چوروں کے خلاف FIR درج کرانے کے لیئے متعلقہ تھانوں میں لیٹر جمع کرادیئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف نے اسپیشل ریکوری ٹیموں کو واضح ہدایات دیں ہیں کہ نادہندگان سے واجبات کی 100% فیصد وصولی اولین ترجیح بنیادوں پر یقینی بنائیں، انہوں نے کہا کہ حیسکو کمرشل ادارہ ہے جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا انتظام نہیں چلا سکتا۔ اس لیئے صرف اور صرف واجبات کی ادائیگی کرنے والے صارفین کو بجلی فراہم کی جائے گی، اور نادہندگان اپنے واجبات کی آسان ادائیگی کیلئے کسٹمرز سروس سینٹر پر جاکر بجلی کے بلوں کی اقساط بنواکے جمع کرا سکتے ہیں، اور یہ لازمی ہے، ورنہ بجلی کے بلوں کی ادائیگی کے بغیر کنکشن نہیں چلنے دیا جائے گا۔ بجلی چوری کی روک تھام کا عمل بھی جاری ہے۔ اس وقت حیسکو کے ٹوٹل 98 ارب 20 کروڑ 76 لاکھ روپے کے واجبات ہیں۔ جس میں وفاقی اداروں پر 4 ارب 10 کروڑ 92 لاکھ، صوبائی اداروں پر 8 ارب 72 کروڑ 56 لاکھ روپے جبکہ نجی صارفین پر 85 ارب 37 کروڑ 28 لاکھ روپے کے واجبات ہیں ہیں۔ تفصیلات کے مطابق آپریشن سرکل حیدرآباد کے وفاقی اداروں پر ایک ارب 84 کروڑ 35 لاکھ۔ صوبائی اداروں پر 2 ارب 79 کروڑ 64 لاکھ۔ نجی صارفین پر 33 ارب 4 کروڑ 2 لاکھ۔ آپریشن سرکل لاڑ کے وفاقی اداروں پر 51 کروڑ 10 لاکھ۔ صوبائی اداروں پر 2 ارب 12 کروڑ 78 لاکھ۔ نجی صارفین پر 25 ارب 6 کروڑ 60 لاکھ۔ آپریشن سرکل نوابشاہ کے وفاقی اداروں پر 8 کروڑ 6 لاکھ۔ صوبائی اداروں پر 2 ارب 55 کروڑ 9 لاکھ۔ نجی صارفین پر 20 ارب 19 کروڑ 90 لاکھ۔ اور آپریشن سرکل میرپورخاص کے وفاقی اداروں پر ایک ارب 67 کروڑ 41 لاکھ۔ صوبائی اداروں پر ایک ارب 25 کروڑ 5 لاکھ۔ نجی صارفین پر 7 ارب 6 کروڑ 76 لاکھ روپے کے واجبات ہیں۔ جس کی وصولی کیلئے حیسکو اسپیشل ریکوری ٹیمیں کارروائیاں کر رہی ہیں، جو واجبات کی 100% فیصد وصولی کیلئے کارروائیاں کر رہی ہیں۔